www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



منظر عزیز

مدینہ منورہ میں روضۂ رسولؐ پر لکھی گئی

# تا قیامت آپؐ پر لاکھوں سلام

سید الابرار، ختم المرسلین!
جانِ فطرت رحمۃ للعالمین

فخرِ موجودات و فخرِ کائنات
شافعِ محشر، شفیع المذنبین

ہادیٔ حق، رہبرِ کامل ہیں آپؐ
آپؐ کا ہے فیض جاری ہر کہیں

آپؐ کی تعلیم کے محتاج ہیں
اہلِ دل، اہلِ نظر، اہلِ زمیں

آپؐ کی توحیدِ حق نے کر دیا
بندۂ عاجز کو مولیٰ کے قریں

آپؐ کی آواز ہے آوازِ حق
آپؐ کی تعلیم ہے تعلیمِ دیں

آپؐ کے خدام میں جبریلؑ ہے
آپؐ کی پرواز تا عرشِ بریں

چشمِ عالم، چہرۂ انور پہ ہے
آپؐ دنیا کے حسینوں سے حسیں

مشرق و مغرب کو اس پر اتفاق
آپؐ سا کوئی نظر آتا نہیں

تا قیامت، آپؐ پر لاکھوں سلام
فخرِ آدم، سبز گنبد کے مکیں

آپؐ کا دیدار مطلوبِ عزیزؔ
آپؐ کا غم دولتِ دنیا و دیں



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ